PRNO17

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی مداخلت سے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہونے والے نوجوان کی والدہ کو معاوضہ مل گیا

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی مداخلت پر کرنٹ لگنے سے ایک بیوہ کے سولہ سالہ بیٹے کے جاں بحق ہونے کا معاوضہ ادا کر دیا گیا ہے، جس پر بیوہ نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چونترہ راولپنڈی کی رہائشی ایک بیوہ نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے پروگرام آئی آر ڈی کے تحت شکایت کی کہ اس کا سولہ سالہ بیٹا گلی میں لگے بجلی کے کھمبے سے کرنٹ لگنے سے 13 مارچ 2021ء کو جاں بحق ہو گیا تھا جس کا معاوضہ ادا نہیں کیا جا رہا۔ کھمبے سے ایک پرائیویٹ پولٹری فارم کو بجلی فراہم کی جا رہی تھی۔ اہل علاقہ نے متعدد بار آئیسکو حکام سے گلی سے یہ خطرناک کھمبہ ہٹانے کی درخواست کی مگر بے سود۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ نے شکایت موصول ہونے کے بعد یہ معاملہ آئیسکو، نیپرا، پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی اور پنجاب پولیس کے ساتھ اٹھایا اور بیوہ کو معاوضہ کی ادائیگی پر زور دیا۔ وفاقی محتسب میں کیس کی کارروائی شروع کی گئی تو پولٹری فارم کے مالک نے ساڑھے چودہ لاکھ روپے بطور معاوضہ بیوہ کو ادا کر دیئے جب کہ آئیسکو معاوضے کی ادائیگی میں مختلف حیلوں بہانوں سے تاخیر کرتا رہا۔ وفاقی محتسب میں کیس کی مسلسل پیروی سے اب شکایت کنندہ نے اپنے شکریہ کے خط کے ساتھ تصدیق کی ہے کہ آئیسکو نے بھی سات لاکھ پچاس ہزار روپے کی رقم بطور معاوضہ ادا کر دی ہے۔ آئیسکو نے گزشتہ ہفتے 14.04.2023 کو -/750,000 روپے کا چیک شکایت کنندہ بیوہ کے حوالے کیا تھا، جس پر بیوہ نے اسے قانونی حق دلانے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

26 اپریل 2023ء